شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23نومبر2024ء

پریس ریلیز

کرم میں مسافر بسوں پر اندھا دھند فائرنگ دہشت گردی

کا انسانیت سوز سانحہ ہے۔ (اعجاز لطیف)

لاہور(پ ر): کرم میں مسافر بسوں پر اندھا دھند فائرنگ دہشت گردی کا انسانیت سوز سانحہ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے نائب امیر **اعجاز لطیف** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت دہشت گردوں نے پہلے پاراچنار سے پشاور جانے والے مسافر بسوں کے قافلے کی نگرانی پر مامور پولیس اہلکاروں پر خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں حملہ کیا اور پھر 200 مسافر گاڑیوں کے قافلہ کو دونوں اطراف سے نشانہ بنایا۔ جس سے خواتین اور بچوں سمیت کم از کم 42 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہو گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! اُنھوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے پے در پے اندوہناک واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ دشمن پاکستان میں امن وامان کو مزید تباہ کرنے پر تُلا ہوا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دہشت گردی کے ان انسانیت سوز واقعات میں ملوث تمام افراد اور اُن کے اندرونی و بیرونی سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ تنظیم اسلامی کے نائب امیر نے کہا کہ ہمیں یہ فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ دشمن پاکستان میں شام اور یمن جیسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس صورتِ حال میں 'پرو' اور 'اینٹی' اسٹیبلشمنٹ کے نعروں کی بجائے سب کو مل کر ملک میں اتفاق و اتحاد کی فضا پیدا کرنا ہو گی۔ اگر ریاستی ادارے کمزور ہوں گے تو دشمن سب کی جان، مال اور عزت و آبرو پر حملہ آور ہو گا اور بِلا امتیاز سب کو اپنے پاؤں تلے روندے گا۔ پھر پچھتانا بے کار ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کو بھی یہ بات سمجھنا ہو گی کہ عوام اور تمام عوامی نمائندوں سے مثبت اور مستحکم تعلق قائم کیے بغیر ملک کی سرحدوں کا دفاع کرنا ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا فریقین یعنی سیاست دان اور عسکری ادارے ماضی کی تلخیوں کو بُھلا کر مثبت انداز میں ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر کام کریں۔ صوبائی تعصب اور فرقہ واریت کے بیج بونے کی کوشش کرنے والے دہشت گردوں کو مل کر ناکام بنایا جائے۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان